www.understandquran.com

سبق-9 : نزولِ قرآن کا مقصد (دوسرا حصّہ)

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- قرآن سے ہمارا کیا تعلق ہے؟
- قرآنی آیات پر کس طرح عمل کیا جائے؟
- تدبر اور تذکر کا طریقہ کیا ہے؟

تلاوت و تشریح : تجوید اور احساس کے ساتھ پڑھیے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ پڑھا کرتے تھے !

لِّيَدَّبَّرُوْٓا	اٰيٰتِهٖ	وَلِيَتَذَكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ.
تاکہ وہ غور کریں	اس کی آیات پر	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے۔ (سورۂ ص: 29)
تاکہ وہ اس کی آیات پر غور کریں اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔			

قرآن کو نازل کیے جانے کے مقاصد میں سے دو خاص مقصد یہ ہیں :

- تدبر۔ یعنی کسی کے بارے میں غور کرنا
- تذکر۔ یعنی نصیحت حاصل کرنا

تدبر کو سمجھنے کے لیے یہ مثال لیں کہ آپ اخبار کو ایک بار پڑھ کر اس کا مضمون سمجھ جاتے ہیں، مگر سائنس اور ریاضی کی کتاب کو اخبار کی طرح نہیں پڑھ سکتے؛ بلکہ اس میں تدبر کرنا پڑتا ہے یعنی اسے بار بار پڑھ کر غور کرنا پڑتا ہے۔

یہاں پر ایک عام آدمی کے لیے تدبر کا طریقہ بتایا جارہا ہے :

1. مطالعہ : قرآن کی آیات کو سمجھ کر بار بار پڑھیے اور ان آیات کی مختصر تشریح یا تفسیر کا غور و فکر کے ساتھ مطالعہ کیجیے۔
2. تصور : جہاں ممکن ہو وہاں پر تصور کا استعمال کیجیے تاکہ آپ اچھی طرح غور و فکر کر سکیں۔ مثلاً زمین و آسمان کا ذکر ہو تو ان کے پھیلاؤ کا تصور کیجیے، رب العالمین کا ذکر ہو تو مختلف جہانوں اور ان میں بے شمار مخلوقات کا تصور کیجیے۔
3. احساس : اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے ہوئے خوشی کا احساس کیجیے، اَلْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ کا ذکر ہو تو ڈر کے احساس کے ساتھ پڑھیے۔

تذکر : نصیحت حاصل کرنا : تذکر کا ابتدائی اور سادہ طریقہ یہ ہے :

1. دعا : جو پڑھا ہے اس کو اپنی زندگی میں لانے کے لیے اللہ سے دعا کیجیے۔
2. احتساب : جو دعا آپ نے کی ہے کیا آپ وہ کام کر رہے ہیں یا نہیں؟ اگر کر رہے ہوں تو اللہ کا شکر ادا کیجیے۔
3. پلان : اگر آپ وہ کام نہیں کر رہے ہوں تو اس کا پلان بنائیے۔

www.understnadquran.com

تبلیغ :

نبی ﷺ نے فرمایا: "میرا پیغام (لوگوں تک) پہنچاؤ، اگرچہ ایک ہی آیت ہو"۔ (بخاری)

اس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن وحدیث کی جو بھی بات ہم پڑھ رہے ہیں اسے دوسروں تک پہنچانا ہے۔اس لیے کوشش کیجیے کہ اسلام کے خوبصورت اور امن بھرے پیغام کو جہاں تک ہو سکے پہنچائیں۔

نوٹ : آسانی سے یاد رکھنے کے لیے تدبر وتذکر اور تبلیغ کے نکات کو یہاں لوگو کی شکل میں پیش کیا گیا ہے۔

مشقی سوالات

1. قرآن کی آیات پر کس طرح عمل کرنا چاہیے؟
2. تدبر اور تذکر کا طریقہ کیا ہے؟
3. غور وفکر کے تین مرحلے بیان کریں۔
4. اگر قرآنی آیات پر غور وفکر نہ کیا جائے تو کیا ہوگا؟
5. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ میں تدبر وتذکر کیسے کیا جاسکتا ہے اپنے الفاظ میں بتائیں۔